**15/02/2025**

**07.40 PM**

**ہیڈ لائنز**

***.......صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کا نوجوانوں پر وِکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کرنے پر زور۔**

***.......جمونو کشمیر2019کے بعد امن، ترقی اور اعتماد کا گہوارہ بن گیا ہے// نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ کا شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے کنووکیشن سے خطاب۔**

***....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ تعلیم کے مختلف شعبوں میں جدید کا ری سے نوجوانوں کےلئےنئے مواقعے ہو رہے ہیں پیدا ۔**

**اور**

***....... اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے درگاہ حضرت بل کا دورہ کر کے بنیادی سہولیات کا لیا جائزہ۔**

**صدر**

**صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ وِکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کرے۔ آج رانچی میں برلا انسٹی آف ٹیکنالوجی کی پلیٹنم جبلی تقریبات سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے ٹیکنالوجی کے شعبے میں اختراعیت کو فروغ دینے کی ضرورت کو بھی اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے۔**

**دھنکڑ**

**نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر 2019کے بعد امن ، ترقی اور اعتماد کا گہوارہ بن گیا ہے اور ہرگزرتے دن کے ساتھ جمونو کشمیر میں نئے موقعوں کا دائرہ وسیع ہو تا جارہا ہے۔ آج کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے10ویں کنووکیشن سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے2برسوں کے دوران جمونو کشمیر میننجی سرمایہ کاری کے تحت 60ہزار کروڑ روپے مالیت کے منصوبے وصول کئے گئے۔**

**انہوں نے کہا کہ جمونو کشمیر میں جمہوریت کی جڑیں بھی مضبوط ہو رہی ہے اور پچھلے برس35برسوں کے بعد لوگوں نے بڑھ چڑھ کر لوک سبھا انتخابات میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا**

کہ جموںو کشمیر میں زمینی صورتحال مثبت انداز میں بدل رہی ہے اور لوگوں کی امیدوں اور توقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ نائب صدر نے کہا کہ انکے لئے خوشی کا مقام یہ ہے کہ پچھلے برس 2کروڑ سے زائد سیاحوں نے جموںو کشمیر کی سیر کی۔ نائب صدر اور انکی اہلیہ نے شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے احاطے میں اپنی ماؤں کے نام پودے لگائے۔

**LG**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کے ترقیاتی عمل کو آگے لیجاتے ہوئے ا سے دنیا کی سب سے بڑی معیشت بنانے میں اپنا کلید ی رول ادا کریں۔ آج کٹڑہ میں شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹیکے کنووکیشن سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ آرٹس، سائنس اور ٹیکنالوجی میں ہو رہی جدید کاری سے تعلیم کے شعبے میں نئے مواقعے پیدا ہو رہے ہیں۔

ایل جی نے اساتذہ برادری پر زور دیا کہ وہ طلباءکی صلاحیتوں کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کےلئے اقدامات کریں۔ انہوں نے یونیورسٹی کے کنووکیشن میں شرکت کرنے کےلئے نائب صدر کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوں نے طلباءمیں میڈل اور اسناد تقسیم کیں۔ اس تقریب پر صدر جمہوریہ کی اہلیہ ڈاکٹر سودیش دھنکڑ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، وزیر تعلیم سکینہ ایتو، ممبر پارلمنٹ جگل کشور شرما، یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر پرگتی کمار اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کنووکیشن کے دوران طلباءمیں ڈگریاں اور میڈل تقسیم کئے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے میڈل حاصل کرنے والے طلباءکو مبارکباد دی اور انکے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے فارغ ہوئے طلباءپر زور دیا کہ وہ سماج میں مثبت بدلاؤ لانے کےلئے کام کریں۔

جتیندر سنگھ

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کنونشن سینٹر شہلا احمد آباد میں ذیابیطس سے متعلق ورلڈ کانگریس 2025 کاافتتاح کیا۔

دریں اثناءوزیرموصوف نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انو سندھان نیشنل ریسرچ فاؤنڈیشن آف انڈیا اور امریکہ کی نیشنل سائنس فاؤنڈیشن کے درمیان شراکت داری کو یقینی بنانے کےلئے وزیر اعظم نریندرمودی کا شکریہ ادا کیا۔

کرن رجیجو

اقلیتی امور کے مرکزی وزیراور سینٹرل وقف کونسل کے چیرپرسن کرن رجیجو نے آج وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی کے ہمراہ آج آثار شریف درگاہ حضرتبل کا دورہ کیا۔

انہوں نے وہاں بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ وزیرموصوف نے وہاں دستیاب سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا ۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا

--(Kiren Rijeju)--Byte--

دریں اثناءوقف بورڈ کی چیرپرسن درخشان اندرابی نے وزیرموصوف کا حضرت بل کا دورہ کرنے کےلئے شکریہ ادا کیا اور انہیں بورڈ کی طرف سے کئے جا رہے فلاحی اقدامات کے بارے میں جانکاری دی۔

ورکشاپ

کشمیر یونیورسٹی میں آج جمونو کشمیر ، پنجاب، اُترا کھنڈ، ہماچل پردیش اور لداخ میں کورسوں کی عمل آوری اور مربوط کاری کو یقینی بنانے کی غرض سے ایک بیداری **Swayam** ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کے دوران شرکاءکو حصول تعلیم کو آسان بنانے نیز طلباءکو روزگار حاصل کرنے کے قابل بنانے سے متعلق امور سے روشنا س کرایا گیا۔

اس ورکشاپ کی افادیت کے بارے میں یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے سیکریٹری پروفیسر منیش آر جو شی نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-------(Joshi)--V/O--------

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد نے ورکشاپ سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ **Swayam** کورسوں کی بدولت طلباءگھر بیٹھے ہی باہر کے تعلیمی اداروں سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا۔

-----Prof:Nazir)---Byte------

کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کر تے ہوئے اس ورکشاپ کی خصوصیات کے حوالے سے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-----(Prof: Nilofer)---Byte------

منشیات

سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں انفرادی اور اجتماعی سطح پر سرگرم کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کوششیں جا ری ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے ایک سینئر صحافی جلیل راٹھورکے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج اننت ناگ میں ضلعے کے7 ارکان اسمبلی اور افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ترقیاتی منظر نامے اور لوگوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ہا تھ میںلئے گئے تمام پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ بعد میں ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

**IICT**

نوشہرہ کی طرف سے ہینڈی کرافٹس اور ہینڈ لوم IICTانڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی محکمے کے ساتھ رجسٹرڈ ہاتھ سے قالین بُننے والوں میں جدید طرز کے سو سٹیل کارپٹ لوم سرینگر کے ڈائریکٹر IICTتقسیم کررہا ہے۔ ان کی مالیت43لاکھ70ہزار روپے بتائی جا تی ہے۔ زُبیر احمد نے اس ضمن میں آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**BJP**

بی جے پی جمونو کشمیر کی طرف سے آج جمونمیں پارٹی کے صدر ست شرما کی صدارت میں ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں جمونو کشمیر اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے پہلے کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما ، جنرل سیکریٹری اشوک کول ، پارٹی کے ارکان قانون سازیہ اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

قرہ

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ نے بی جے پی کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ جلد از جلد بحال کیا جانا چاہئے۔ پونچھ میں آج ہماری ریاست ہمارا حق مہم کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی سربراہی والی حکومت بقول انکے لوگوں کو بیوقف بنارہی ہے۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جڈی بل تنویر صادق نے آج، سونمرگ میں منعقد ہونے والی 9ویں نیشنل سنو شو چمپئن شپ کےلئے لوگو اور دیگر سامان کی نقاب کشائی

کی۔ یہ چمپئن شپ16فروری سے19فروری تک منعقد کی جارہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سونمرگ کو سرمائی کھیلوں کا اہم مرکز بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

**پولیس**

جمونو کشمیر پولیس نے ہندواڑہ میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔

ڈسڑکٹ پولیس سرینگر نے پولوگراوئنڈ سرینگر میں آج سوِک ایکشن پروگرام کے تحت ایک ہفتہ طویل فٹ بال ٹورنامنٹ کا آغاز کیا۔

**مہا کنبھ**

یو پی کے شہر پریاگ راج میں جا ری مہا کنبھ میلہ خوش اسلوبی سے جا ری ہے اور اب تک کروڑوں لوگوں نے تروینی سنگم میں امرت سنان میں حصہ لیا ۔ یہ میلہ26فروری تک جا ری رہے گا۔

**تپ دق**

ملک میں100دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جا ری ہے۔ جمونو کشمیر میں بھی اس بیماری کے مریض اپنا علاج و معالجہ کروا رہے ہیں۔

صحت یاب ہوئی ایک مریض کے تاثرات۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ9ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر`15منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر15منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.....................................

...................

....